# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: حکایاتِ شیخ سعدی شیرازیؒ | |

**مقاصد:** متن روانی اور درست تلفظ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختۂ تحریر، کتاب "اردو چہارم" مشکل الفاظ کے کارڈ، خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں اور اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"، چار پرچیاں جن پر مختلف مشہور شخصیات، جیسے: مولانا رومی، قائداعظم، شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور شیخ سعدیؒ کے اقوال اور ان کے نام لکھے ہوں، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور پرجوش آواز میں بچوں کو السلام علیکم کہیں اور اُن کا حال دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ایک ٹوکری میں چار پرچیاں جن پر مختلف مشہور شخصیات، جیسے: مولانا رومی، قائداعظم، شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور شیخ سعدی کے اقوال اور ان کے نام لکھے ہوں، بند کر کے ڈال دیں۔
- یہ ٹوکری باری باری چاروں گروہوں کے سامنے لے جائیں اور انھیں آنکھیں بند کر کے اس میں سے کوئی بھی پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو پرچیاں آئی ہیں، ان پر لکھے ہوئے اقوال پڑھیں۔ اقوال کے ساتھ لکھے ہوئے نام پڑھیں اور ان شخصیات کے بارے میں آپس میں بات چیت کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ میں سے ایک بچے کو پرچی سمیت بلائیں اور اسے پرچی پر لکھا ہوا قول پڑھنے اور اس اقوال سے متعلقہ شخصیت کے بارے میں بتانے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی اور گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے ان سے مختلف سوالات کریں۔ جیسے: "قول" کے کیا مراد ہے؟
- کسی مشہور شخصیت کا کوئی قول اگر آپ کو آتا ہے تو سنائیں۔
- دوسروں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟
- کیا آپ نے کبھی کسی پر احسان کیا ہے؟ وغیرہ۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

- بچوں کو بتائیں کہ شیخ سعدی کا اصل نام شرف الدین تھا۔ ان کا تخلص "سعدی" تھا۔ انھوں نے اپنی زندگی کا زیادہ تر حصہ سیر و سیاحت میں گزارااور اپنے تجربات اور مشاہدات کو نظموں اور نثر کی صورت میں تحریر کیا۔ ان کی دو کتابیں "گلستان اور بوستان" بہت مشہور ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم شیخ سعدی کی حکایات کے بارے میں پڑھیں گے۔
- سبق" کے آغاز سے پہلے ایک سر گرمی کریں۔ کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"۔
- سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔ بچوں کے مختلف بچوں کے بچوں کی مختلف جوڑیاں بن کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر بآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 67 کھلوائیں۔
- اب بچوں کے 4 گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو سبق کے مختلف حصے تفویض کر دیں۔
- بچوں کو خاموشی سے تفویض کردہ پیراگراف یا جملوں کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب ہر گروہ سے سبق کی بلند خوانی کروائیں۔۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ متعلقہ متن مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) سبق دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: حکایاتِ شیخ سعدی شیرازیؒ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔
سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں، آئس کریم اسٹکیں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق میں سے کوئی سے چار مشکل الفاظ چن کر چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیوں پر لکھیں اور انھیں ایک ٹوکری میں ڈال لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک مچھلی اٹھانے اور اُس پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں۔ جب وہ بچہ لفظ کا درست تلفظ ادا کرے تو **"جواب بتاؤ، انعام پاؤ"** کی تکنیک استعمال کریں۔
- اس تکنیک میں مچھلی اُٹھانے والے بچے سے اس لفظ کا جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ اگر وہ اس لفظ کا جملہ نہ بنا پائے تو جماعت میں سے کسی اور بچے کا نام لے کر اسے جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ یہ تکنیک محض تدریس کو دل چسپ بنانے کے لیے ہے۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں ۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 68 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "صلہ" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔ اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی

صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

- اب بچوں کے 6 بنا دیں۔ چھے آئس کریم اسٹکیں لیں جن پر ایک طرف خاص الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھے ہوں۔ ایک اسٹک پر ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ اسٹکیں ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی اسٹک اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو اسٹک آئی ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں اور اس کے سامنے اس کا معانی لکھیں۔ اس کے بعد آئس کریم اسٹک کی دوسری جانب اس لفظ پر مبنی ایک جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی اور جملے لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- اب بچوں سے اپنی کتابیں بند کرنے کو کہیں۔ ایک کپ میں 5 آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں، جن پر 5 مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں اور ان پر سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھے ہوں۔ دوسرے کپ میں 5 آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں جن پر انھی رنگوں سے 1 تا 5 نمبر لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی آئس کریم اسٹکوں پر لگی ہوئی چٹوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔
- بچوں کے 5 گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نمبروں والی اسٹکوں میں سے کوئی اسٹک اٹھالے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی آئس کریم اسٹک تلاش کر کے نکالے، جس رنگ کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- اب ہر گروہ سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹک پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر چاروں سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی اسٹک آئی ہے، وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے۔ درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 4 کے تحت دیے ہوئے سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔ سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوال نمبر 4 میں دیے گئے سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے، ان کی مدد کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے گئے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی بتائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| صِلہ | | آداب بجالانا | |
| محشر | | تعجُّب | |
| کڑی نگرانی | | سِنِ بُلوغ | |

سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ شیخ سعدی رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: ________________________________________

۲۔ حکیم کے پاس کوئی بھی علاج کروانے کیوں نہ آیا؟

جواب: ________________________________________

۳۔ نوجوان نے شیخ سعدی رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ کے تعجب پر کیا جواب دیا؟

جواب: ________________________________________

۴۔ آدمی نے خواب میں کیا دیکھا؟

جواب: ________________________________________

۵۔ محشر کے دن خوش بخت آدمی کو جنتی لباس کس نیکی کے بدلے میں ملا؟

جواب: ________________________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: حکایاتِ شیخ سعدی شیرازیؒ | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں، چار کارڈ، پلاسٹک کی تھیلیاں گتے کا پہیا، جس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں، تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات پر مبنی پرچیاں، گتے کا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کا جائزہ لینے کے لیے ایک دل چسپ سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔ پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں۔ مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات پرچیوں پر لکھ کر ان پر بھی ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا۔ بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں ۔ بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھے گئے سبق سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ انھیں Mystery bags دیں، جن میں چار غبارے ہوں جن پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھے ہوں، ساتھ چار چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں جن میں جملے لکھنے کی جگہ ہو اور ساتھ تین دھاگے ڈال کر دیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ Mystery bag کھولیں، اس میں سے غبارہ نکال کر اس میں ہوا بھر کر اس کے منہ پر دھاگا

باندھیں، پھر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس کا جواب سوچ کر دی گئی مچھلی پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ جس گروہ کا غبارہ پھٹ جائے گا، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔

- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو مچھلی سمیت بلائیں۔ اس سے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ اس کے گروہ کے پاس کون سا سوال آیا تھا، پھر مچھلی بورڈ پر چسپاں کر کے اپنے گروہ کا لکھا ہوا اس سوال کا جواب پڑھ کر بتائے۔ درست جواب دینے پر اس گروہ کو پانچ نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب کی صورت میں وہ گروہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے۔ اس طرح یہ سرگرمی ب دوسرے گروہ کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ جو گروہ یہ کام بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- اب بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھیں۔ بچوں کی مدد سے ان کے نیچے درست جوابات لکھیں اور ان کی خواندگی کروائیں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آکر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ پانچ کارڈ لیں۔
- بچوں کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ کو ایک ایک کارڈ دے کر جملوں کے غلط اور صحیح ہونے کی نشاندہی کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) سوال نمبر 3 کتاب پر حل کریں

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حکایاتِ شیخ سعدی شیرازیؒ | |

**مقاصد:** سبق کے اہم نکات سنا سکیں۔
الفاظ کے معانی لُغت سے تلاش کر کے جملے بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم" سادہ شیٹیں، الفاظ سورج اور چاند پر مبنی پرچیاں، اسٹکی نوٹ

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔ سبق سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔ بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔ اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے باجا بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔ ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔
- درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 67 کھلوائیں۔ جماعت کے بچوں کے 5 گروہ بنا دیں اور انھیں سبق کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- انھیں پیشگی آگاہ کر دیں کہ ان صفحات کے بارے میں ان سے کوئی بھی سرگرمی کروائی جا سکتی ہے۔ بچوں کو دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔ دوران سرگرمی بچوں کا جائزہ لیتے رہیں کہ وہ مطالعے کی درست عادات کو اپناتے ہوئے مطالعہ کر رہے ہوں۔ اب بچوں سے اپنی کتابیں بند کرنے کو کہیں۔
- اب جماعت کو تین گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیش نظر دو گروہوں کے بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ سورج اور چاند پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ حکایت "کر بھلا ہو بھلا" سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور حکایت اپنے الفاظ میں ایک دوسرے کو سنائیں۔ نیز اس کا اخلاقی سبق بھی بتائیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔

| |
|---|
| • اس دوران میں بورڈ پر دو اسٹکی نوٹس چسپاں کر دیں، جن کی اندر کی جانب گروہ چاند اور گروہ سورج لکھے ہوں۔ مقررہ وقت کے بعد کسی ایک بچے کو بلائیں اور اسے کوئی ایک اسٹکی نوٹ اتار کر اس پر لکھے گروہ کا نام بلند آواز سے ادا کرنے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کا نام لکھا ہو گا، اس گروہ کا کوئی بچہ آئے گا اور حکایت کو اپنے الفاظ میں سنائے گا اور اس کا اخلاقی سبق بھی بتائے گا۔ اس دوران میں ہونے والی اغلاط یا جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، ایک صفحے پر نوٹ کرتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے گروہ سے بھی کروائیں۔ بعد ازاں نوٹ کیے گئے الفاظ بچوں سے درست تلفظ کے ساتھ دو سے تین بار کہلوائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔<br>• بچوں کو لغت دکھائیں اور انھیں بتائیں کہ لغت میں تمام الفاظ الف بائی ترتیب سے درج ہوتے ہیں۔<br>• جماعت کے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور انھیں دو لغات اور سوال نمبر ۶ میں دیے گئے الفاظ پر مشتمل شیٹیں دیں، جن کے سامنے ان کے معانی لکھنے اور جملے بنانے کی جگہ ہو۔<br>• بچوں سے کہیں کہ وہ لغت میں سے دیکھ کر ان الفاظ کے معانی شیٹ پر ان کے سامنے لکھیں اور پھر ان الفاظ کے جملے لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں میں سے ایک ایک بچے کو شیٹ سمیت بلا کر ان سے کہیں کہ وہ اپنی شیٹیں بورڈ پر چسپاں کر کے ان پر لکھے ہوئے الفاظ، ان کے معانی اور جملے پڑھ کر سنائیں۔ جس گروہ نے درست معانی تلاش کیے ہوں گے اور الفاظ کے جملے لکھے ہوں گے، ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں سے حکایتیں "تن درستی کا راز"، "کر بھلا ہو بھلا"، احسان کے ذریعے دِلوں کو فتح کرو" سنیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ وہ لائبریری سے گلستان سعدیؒ لے کر اس میں سے مخلوق خدا کی خدمت پر کوئی حکایت پڑھیں اور جماعت میں سنائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: حکایاتِ شیخ سعدی شیرازیؒ | |

**مقاصد:** مترادف اور متضاد الفاظ کے فرق کو سمجھ سکیں۔
اِسم صفت کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، ڈسٹر، کتاب "اردو چہارم"، اسٹکی نوٹ، پاسا، غبارے، چھے ایسے الفاظ جن کے مترادف اور متضاد بن سکیں کے کارڈ، الفاظ "زمین، کثرت، رنج، سہل اور تاریکی" پر مشتمل پرچیاں، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور اپنی پر جوش آواز میں بچوں کو السلام علیکم کہیں ور اُن کا حال دریافت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کریں گے۔
- اب چھے ایسے الفاظ جن کے مترادف اور متضاد بن سکیں کے کارڈ بورڈ پر چسپاں کر دیں جن پر پر اسٹکی نوٹ لگے ہوں، اسٹکی نوٹ پر 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔ میز پر ایک پاسا رکھ دیں۔
- بچوں کے چھے گروہ بنا دیں۔
- اب کسی گروہ کے دو بچوں کو بلائیں اور ان میں سے ایک سے کہیں کہ وہ پاسا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح پھینکے۔ جو نمبر آئے گا اس نمبر کا اسٹکی نوٹ ہٹا دیں۔ اب ایک بچے سے اس لفظ کی ادائیگی کروائیں، اس لفظ کا متضاد پوچھیں اور دوسرے بچے سے اس لفظ کا مترادف پوچھیں۔ غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچوں کو موقع دیں۔ آخر میں جس گروہ نے زیادہ الفاظ درست طور پر بتائے ہوں گے، وہ فاتح قرار پائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بچوں سے پوچھیں کہ مترادف الفاظ کون سے ہوتے ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ہم معنی الفاظ کو "مترادف" الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے: فلک سے آسمان، درخت سے شجر، سورج سے شمس وغیرہ۔
- اب بچوں سے پوچھیں کی متضاد الفاظ کون سے ہوتے ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ جو معانی کے لحاظ سے ایک دوسرے کے الٹ ہوں، انھیں "متضاد الفاظ" کہتے ہیں۔ جیسے: اجالا سے تاریکی، آسمان سے زمین، ٹھنڈا سے گرم، وغیرہ۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کے مترادف اور متضاد لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں الفاظ، دوسرے میں مترادف اور تیسرے میں متضاد کی سرخی لکھ دیں۔ الفاظ والے کالم میں الفاظ "زمین، کثرت، رنج، سہل اور تاریکی" لکھ دیں۔ بچوں سے الفاظ پڑھوائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ لفظ "زمین" کا مترادف کیا ہو گا؟ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ بورڈ پر زمین کے سامنے مترادف

والے کالم میں اس کا مترادف " ارض" لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کرواتے ہوئے ان کے مترادف لکھیں۔

- اب بچوں سے پوچھیں کہ "زمین" کا متضاد کیا ہو گا؟ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ بورڈ پر زمین کے سامنے مترادف والے کالم میں اس کا متضاد "آسمان" لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کرواتے ہوئے ان کے متضاد لکھیں۔
- بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- وہ اسم جو کسی چیز کی خوبی یا خامی کو ظاہر کرے، اسے کیا کہتے ہیں؟
- اسم صفت کی دو دو مثالیں دیں۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں وہ لفظ جو کسی اسم کی اچھائی، برائی یا خصوصیت ظاہر کرے "اسم صفت" کہلاتا ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اسم صفت کو شناخت کرنے اور جملے بنانے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر جملے لکھیں:

میرے پاس ایک قیمتی گھڑی ہے۔

شیر ایک بہادر جانور ہے۔

- بچوں کو بتائیں کہ اوپر جملوں میں دیے ہوئے الفاظ "قیمتی اور بہادر" کسی نہ کسی اسم کی خوبی یا خصوصیت کو ظاہر کر رہے ہیں۔ اس لیے یہ اسم صفت ہیں۔ اس طرح مختلف مثالوں کے ذریعے سے بچوں کو اسم صفت کا مفہوم بتائیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں جملے اور دوسرے میں اسم صفت کی سرخی لکھیں۔ اب جملے والے کالم میں سوال نمبر 6 کے تحت دیے گئے جملے لکھیں اور پڑھائیں۔ اب پہلا جملہ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ اس جملے میں اسم صفت کون سا ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔ اب اسم صفت والے خانے میں "اونچے" لکھیں اور پڑھائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر کرواتے ہوئے اسم صفت کی شناخت کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں الفاظ، دوسرے میں مترادف اور تیسرے میں متضاد کی سرخی لکھ دیں۔ الفاظ والے کالم میں الفاظ "زمین، کثرت، رنج، سہل اور تاریکی" لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے مترادف اور متضاد لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: حکایاتِ شیخ سعدی شیرازیؒ | |
| **مقاصد:** اسکول سے متعلقہ امور کے بارے میں درخواست لکھ سکیں۔<br>دوستوں کو دعوت نامے تحریر کر سکیں۔<br>جماعت یا اسکول کی اسمبلی، بزمِ ادب یا باہمی گفت گو میں اپنے خیالات کو اعتماد کے ساتھ پیش کر سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اُردو چہارم"، چار مختلف رنگ کے بٹن، سادہ شیٹیں | | |
| **تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)<br>• کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔<br>• اب بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔<br>• پرانے زمانے میں رابطے کے لیے کن کن ذرائع کا استعمال کیا جاتا تھا؟<br>• آج کل رابطے کے لیے کن کن ذرائع کا استعمال کیا جاتا ہے؟<br>• شادی بیاہ یا کسی فنکشن وغیرہ پر کسی کو مدعو کرنے کے لیے کیا کیا جاتا ہے؟ وغیرہ<br>• تمام بچوں کو سوالوں کے جواب دینے کا موقع فراہم کریں۔<br>• بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔<br>• بچوں کو بتائیں کہ آج ہم دعوت نامہ لکھنے کا طریقہ سیکھیں گے۔<br>• اب بورڈ پر نمونے کا دعوت نامہ لکھیں: | | |

**نمونہ برائے دعوت نامہ**

عزیز دوست ______

السلام علیکم !

میرے بڑے بھائی کے ولیمے کی تقریب بروز ہفتہ منعقد ہو رہی ہے۔ اس خوشی کے موقع پر آپ کی شرکت میرے لیے عزّت کا باعث ہوگی۔ تشریف لا کر محفل کی رونق دوبالا کریں۔

پروگرام ان شاء اللہ !

تاریخ ______

وقت ______

مقام ______

پابندیِ وقت اچھے لوگوں کا شیوہ ہے۔

منجانب

محمد امجد

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ درخواست کا مضمون انتہائی سادہ، آسان اور واضح ہونا چاہیے۔ بورڈ پر درخواست کا خاکہ بنائیں اور بچوں کو درخواست لکھنے کا نمونہ سطر بہ سطر لکھ کر بتائیں۔
- جیسے: بخدمت جناب کے بعد، جس کے نام درخواست لکھنا مقصود ہو، ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس لکھیں اور ساتھ ہی اسکول کا نام بھی تحریر کریں۔
- گزارش ہے کے بعد اپنا مدعا تحریر کریں۔ جیسے: "مودبانہ گزارش ہے کہ مجھے گھر پر ایک ضروری کام ہے جس کی وجہ سے میں اسکول حاضر نہیں ہو سکتا۔ مہربانی فرما کر مجھے ایک دن کی رخصت عنایت فرمائیں۔ آپ کی عین نوازش ہو گی۔"
- اس کے بعد العارض کے نیچے اپنا مکمل نام لکھیں۔
- جماعت کے سامنے اپنی جماعت مع فریق لکھیں اور مورخہ کے سامنے تاریخ لکھیں۔
- اپنے والد صاحب یا گھر کے کسی بڑے کے دستخط ضرور کروائیں۔
- بچوں کو تمام باتیں تفصیل سے بتائیں۔
- اب ایک ٹوکری میں سرخ اور سبز رنگ کے بٹن ڈال کر ٹوکری باری باری ہر بچے کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔ جب سب بچے بٹن اٹھا لیں تو ایک جیسے رنگ کے بٹن والے بچوں کا ایک گروہ بنا دیں۔
- اب ہر گروہ کو ایک ایک سادہ شیٹ دیں۔ جن پر مندرجہ ذیل عنوان لکھا ہو:

"اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام اسکول میں سالانہ بزمِ ادب کا پروگرام منعقد کروانے کے لیے درخواست لکھنا"

- بچوں سے کہیں کہ وہ مل کر دیے گئے عنوان پر درخواست اپنی شیٹوں پر لکھیں۔ اس کے لیے اہم معلومات اور مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ دیں تاکہ بچوں کو لکھنے کے دوران میں کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ بچوں کو جواب لکھنے کے لیے مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنی لکھی ہوئی درخواست سنانے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی پر اصلاح کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی جوڑیوں یا گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (۳منٹ) اعادے کے طور پر درخواست لکھنے کا طریقہ ایک بار پھر بتائیں۔ |
| **جائزہ:** (۵منٹ) مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے موضوع سے متعلق درخواست کا متن بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں ۔ |
| **گھر کا کام:** (۲منٹ) بچوں سے کہیں کہ وہ لائبریری سے شیخ سعدی شیرازیؒ کی کتاب "گلستان" لا کر اپنی پسندیدہ حکایات پڑھیں۔ |